© rasailojaraid.com



مقابلہ میں عربی زبان کے قدیم و جدید الفاظ و محاورات کے انتخاب میں بڑی وسعتِ نظر اور دیدہ وری کا ثبوت دیا ہے علاوہ بریں الفاظ کی قسم یعنی اسم ہے یا صفت مذکر ہے یا مؤنث اردو کا لفظ ہندی ہے یا فارسی، مفرد کی جمع اور جمع کا مفرد۔ ایک لفظ کے لئے عربی کے متعدد الفاظ تشریحی جملے۔ اگر کسی لفظ میں دو لغت ہیں مثلاً نہانے کے لئے اشنان بھی بولتے ہیں اور الف ممدودہ کے ساتھ آشنان بھی تو مصنفین نے دونوں لغت اپنے اپنے محل پر لکھے ہیں۔ پھر تصویروں کے ذریعہ لغات کی تسہیل و تمثیل۔ غرض کہ اس لغت کی یہ سب خصوصیات بہت زیادہ قابل قدر اور لائق تحسین ہیں ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ لغت کے ذونوں مرتبوں کو ہمت و استقلال کے ساتھ اس کی تکمیل باحسن وجوہ کی توفیق ارزاں فرمانے اور یہ جلد مکمل ہوکر ارباب ذوق کی تسکین و تشفی کا سامان بنے جو حضرات اس کو خریدنا چاہتے ہیں، اگر وہ ابھی سے اپنے آرڈر بک کرادیں تو ناشرین کی حوصلہ افزائی ہوگی اور ان کو کتاب کے حاصل کرنے میں کوئی دقت نہ ہوگی۔ اس سلسلہ میں خط وکتابت اس پتہ پر کرنی چاہیئے :-

دفتر المعرب۔ معرفت پروفیسر احمد بن ناصر العسیری۔ عثمانیہ ٹریننگ کالج۔ خیریت آباد۔ حیدرآباد دکن"۔

**محی الملۃ والدین** از مولوی عون احمد صاحب قادری تقطیع کلاں ضخامت ۴۲۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ؏ پتہ :- مولوی محبوب عالم صاحب خانقاہِ مجیبی پھلواری شریف ضلع پٹنہ

مولانا الحاج شاہ محمد محی الدین صاحب قادری پھلواڑی رحمۃ اللہ علیہ مشہور خانقاہ پیر مجیب کے سجادہ نشین اور صوبۂ بہار کے دوسرے امیر شریعت تھے اس منصبِ رفیع پر سرفراز ہونے کے لئے جن کمالاتِ ظاہری و باطنی کی ضرورت ہے وہ حضرت مرحوم میں بدرجۂ اتم



© rasailojaraid.com